# اتوار 11اکتوبر، 2026

## مضمون۔ کیا گناہ، بیماری اور موت حقیقی ہیں؟

### سنہری متن: مکاشفہ 12 باب 10 آیت

---

’’پھر میں نے آسمان پر سے یہ بڑی آواز آتی سنی کہ اب ہمارے خدا کی نجات اور قدرت اور بادشاہی اور اْس کے مسیح کا اختیار ظاہر ہوا۔‘‘

---

### جوابی مطالعہ: زبور 103 باب 1تا6، 4، 19تا22 آیات

1۔اے میری جان! خداوند کو مبارک کہہ اور جو کچھ مجھ میں ہے اْس کے قدوس نام کو مبارک کہے۔

2۔اے میری جان! خداوند کو مبارک کہہ اور اْس کی کسی نعمت کو فراموش نہ کر۔

3۔وہ تیری ساری بدکاری بخشتا ہے۔وہ تجھے تمام بیماریوں سے شفا دیتا ہے۔

4۔وہ تیری جان ہلاکت سے بچاتا ہے۔وہ تیرے سر پر شفقت و رحمت کا تاج رکھتا ہے۔

6۔خداوند سب مظلوموں کے لئے صداقت اور عدل کے کام کرتا ہے۔

19۔خداوند نے اپنا تخت آسمان پر قائم کیا ہے۔اور اْس کی سلطنت سب پر مسلط ہے۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب،’’ سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ‘‘ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

20۔اے خداوند کے فرشتو!اُس کو مبارک کہو۔ تم جو زور میں بڑھ کر ہو اور اُس کے کلام کی آواز سن کر اُس پر عمل کرتے ہو۔

21۔اے خداوند کے لشکرو!سب اُس کو مبارک کہو۔ تم جو اُس کے خادم ہو اور اُس کی مرضی بجالاتے ہو۔

22۔تم جو اُس کے تسلط کے سب مقاموں میں ہو۔اے میری جان!تُو خداوند کو مبارک کہہ۔

## درسی وعظ

## بائبل میں سے

### 1۔ زبور103باب13آیت

13۔جیسے باپ اپنے بیٹوں پر ترس کھاتا ہے ویسے ہی خداوند اُن پر جو اُس سے ڈرتے ہیں ترس کھاتا ہے۔

### 2۔ یسعیاہ38باب1تا5،9،12(تا پہلی:)،20(تا:)آیات

1۔اُنہی دنوں میں حزقیاہ ایسا بیمار پڑا کہ مرنے کے قریب ہو گیا اور یسعیاہ نبی آموص کے بیٹے نے اُس کے پاس آکر اُس سے کہا کہ خداوند یوں فرماتا ہے کہ اپنے گھر کا سارا انتظام کر دے کیونکہ تُو مر جائے گا اور بچنے کا نہیں۔

2۔تب حزقیاہ نے اپنا منہ دیوار کی طرف کیا اور خداوند سے دعا کی۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

3۔اور کہااے خداوند میں تیری منت کرتا ہوں یاد فرما کہ میں تیرے حضور سچائی اور پورے دل سے چلتا رہا ہوں اور جو تیری نظر میں بھلا ہے وہی کیا اور حزقیاہ زار وزار رویا۔

4۔تب خداوند کا یہ کلام یسعیاہ پر نازل ہوا۔

5۔کہ جا اور حزقیاہ سے کہہ کہ خداوند تیرے باپ داؤد کا خدا یوں فرماتا ہے کہ میں نے تیری دعا سنی۔ میں نے تیرے آنسو دیکھے۔ سو دیکھ میں تیری عمر پندرہ برس بڑھا دوں گا۔

9۔شاہ یہوداہ حزقیاہ کی تحریر جب وہ بیمار تھا اور اپنی بیماری سے شفایاب ہوا۔

12۔میرا گھر اجڑ گیا اور گڈریے کے خیمے کی مانند مجھ سے دور کیا گیا۔

20۔خداوند مجھے بچانے کو تیار ہے:

## 3۔ یسعیاہ 52 باب 1 آیت

1۔ہمارے پیغام پر کون ایمان لایا؟ اور خداوند کا بازو کس پر ظاہر ہوا؟

## 4۔ لوقا 4 باب 14 (تا:) آیت

14۔پھر یسوع روح کی قوت سے بھرا ہو گلیل کو لوٹا۔

## 5۔ لوقا 17 باب 12 تا 19 آیات

12۔اور ایک گاؤں میں داخل ہوتے وقت دس کوڑھی اُس کو ملے۔

13۔اُنہوں نے دور کھڑے ہو کر بلند آواز سے کہا اے یسوع! اے صاحب! ہم پر رحم کر۔

14۔اُس نے انہیں دیکھ کر کہا جاؤ۔ اپنے تئیں کاہنوں کو دکھاؤ اور ایسا ہوا کہ جاتے جاتے وہ پاک صاف ہو گئے۔

15۔ پھر اُن میں سے ایک یہ دیکھ کر کہ شفا پا گیا بلند آواز سے خدا کی تمجید کرتا ہوا لوٹا۔

16۔اور منہ کے بل یسوع کے پاؤں پر گر کر اُس کا شکر کرنے لگا اور وہ سامری تھا۔

17۔یسوع نے جواب میں کہا کیا دسوں پاک صاف نہ ہوئے؟ پھر وہ نو کہاں ہیں؟

18۔ کیا اِس پردیسی کے سوا اور نہ نکلے جو لوٹ کر خدا کی تمجید کرتے؟

19۔ پھر اُس نے کہا اُٹھ کر چلا جا۔ تیرے ایمان نے تجھے اچھا کیا۔

## 6۔ لوقا 5 باب 17، 18 (تا :)، 19 تا 26 (تا دوسری ،) آیات

17۔اور ایک دن ایسا ہوا کہ وہ تعلیم دے رہا تھا اور فریسی اور شرع کے معلم وہاں بیٹھے تھے جو گلیل کے ہر گاؤں اور یہودیہ اور یروشلیم سے آئے تھے اور خداوند کی قدرت شفا بخشنے کو اُس کے ساتھ تھی۔

18۔اور دیکھو کئی مرد ایک آدمی کو جو مفلوج تھا چارپائی پر لائے اور کوشش کی کہ اُسے اندر لا کر اُس کے آگے رکھیں۔

19۔اور جب بھیڑ کے سبب سے اُس کو اندر لے جانے کی راہ نہ پائی تو کوٹھے پر چڑھ کر کھپریل میں سے اُس کو کھٹولے سمیت بیچ میں یسوع کے سامنے اُتار دیا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ''میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

20۔اُس نے اُن کا ایمان دیکھ کر کہا اے آدمی! تیرے گناہ معاف ہوئے۔

21۔اِس پر فقیہ اور فریسی سوچنے لگے کہ یہ کون ہے جو کفر بکتا ہے؟ خدا کے سوا اور کون گناہ معاف کر سکتا ہے؟

22۔یسوع نے اُن کے خیالوں کو معلوم کر کے جواب میں اُن سے کہا تم اپنے دلوں میں کیا سوچتے ہو؟

23۔آسان کیا ہے؟ یہ کہنا کہ تیرے گناہ معاف ہوئے یا یہ کہنا کہ اُٹھ اور چل پھر؟

24۔لیکن اِس لئے کہ تم جانو کہ ابنِ آدم کو زمین پر گناہ معاف کرنے کا اختیار ہے۔(اُس نے مفلوج سے کہا) میں تجھ سے کہتا ہوں اُٹھ اپنا کھٹولا اُٹھا کر اپنے گھر جا۔

25۔اور وہ اُسی دم اُس کے سامنے اٹھا اور جس پر پڑا تھا اُسے اٹھا کر خدا کی تمجید کرتا ہوا اپنے گھر چلا گیا۔

26۔وہ سب کے سب بڑے حیران ہوئے اور خدا کی تمجید کرنے لگے اور بہت ڈر گئے اور کہنے لگے آج ہم نے عجیب باتیں دیکھیں۔

## 7۔ لوقا 4 باب 1 (روح القدس) آیت

1۔پھر یسوع روح القدس سے بھرا ہوا۔

## 8۔ لوقا 7 باب 11 (گیا) تا 15 آیات

11۔۔۔۔وہ نائین نام کے ایک شہر کو گیا اور اُس کے شاگرد اور بہت سے لوگ اُس کے ہمراہ تھے۔

12۔جب وہ شہر کے پھاٹک کے نزدیک پہنچا تو دیکھو ایک مردے کو باہر لئے جاتے تھے۔ وہ اپنی ماں کا اکلوتا بیٹا تھا اور وہ بیوہ تھی اور شہر کے بہتیرے لوگ اُس کے ساتھ تھے۔

13۔اُسے دیکھ کر خداوند کو ترس آیا اور اُس سے کہا مت رو۔

14۔پھر اُس نے پاس آ کر جنازے کو چھوا اور اٹھانے والے کھڑے ہو گئے اور اُس نے کہا اے جوان! میں تجھ سے کہتا ہوں اُٹھ۔

15۔وہ مردہ اُٹھ بیٹھا اور بولنے لگا اور اُس نے اُسے اُس کی ماں کو سونپ دیا۔

16۔اور سب پر دہشت چھا گئی اور خدا کی تمجید کر کے کہنے لگے کہ ایک بڑا نبی ہم میں برپا ہوا ہے اور خدا نے اپنی امت پر توجہ کی ہے۔

## 9۔ یوحنا 14 باب 12،28 (اگر تم)، 29، 31 آیات

12۔ میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ جو مجھ پر ایمان رکھتا ہے یہ کام جو میں کرتا ہوں وہ بھی کرے گا بلکہ اِن سے بھی بڑے کام کرے گا کیونکہ میں باپ کے پاس جاتا ہوں۔

28۔اگر تم مجھ سے محبت رکھتے تو اِس بات سے کہ میں باپ کے پاس جاتا ہوں خوش ہوتے کیونکہ باپ مجھ سے بڑا ہے۔

29۔اور اب میں نے تم سے اِس کے ہونے سے پہلے کہہ دیا ہے تاکہ جب ہو جائے تو یقین کرو۔

31۔ لیکن یہ اِس لئے ہوتا ہے کہ دنیا جانے کہ میں باپ سے محبت رکھتا ہوں اور جس طرح باپ نے مجھے حکم دیا میں ویسا ہی کرتا ہوں۔ اُٹھو یہاں سے چلیں۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 10۔ 1 کرنتھیوں 1 باب 1 (تا دوسری،) آیت

1۔ پولوس جو خدا کی مرضی سے یسوع مسیح کا رسول ہونے کے لئے بلایا گیا

## 11۔ 1 کرنتھیوں 15 باب 51 ب تا 54 آیات

51۔ دیکھو میں تم سے بھید کی بات کہتا ہوں۔ ہم سب تو نہیں سوئیں گے مگر سب بدل جائیں گے۔

52۔ اور یہ ایک دم میں۔ ایک پل میں۔ پچھلا نرسنگا پھونکتے ہی ہوگا کیونکہ نرسنگا پھونکا جائے گا اور مردے غیر فانی حالت میں اُٹھیں گے اور ہم بدل جائیں گے۔

53۔ کیونکہ ضرور ہے کہ یہ فانی جسم بقا کا جامہ پہنے اور مرنے والا جسم حیاتِ ابدی کا جامہ پہنے۔

54۔ اور جب یہ فانی جسم بقا کا جامہ پہن چکے گا اور یہ مرنے والا جسم حیاتِ ابدی کا جامہ پہن چکے گا تو وہ قول پورا ہوگا جو لکھا ہے کہ موت فتح کا لُقمہ ہو گئی۔

## 12۔ مکاشفہ 11 باب 15 (سلطنتیں) آیت

15۔ دنیا کی بادشاہی ہمارے خداوند اور اُس کے مسیح کی ہو گی اور وہ ابدالآباد بادشاہی کرے گا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

# سائنس اور صحت

## 1۔ 20:593(نجات)۔22

نجات۔ زندگی، سچائی اور محبت کو سب پر اعلیٰ سمجھا اور ظاہر کیا گیا؛ پاپ، بیماری اور موت کو نیست کیا گیا۔

## 2۔ 10-4:142

قدیم زمانے میں مسیح یعنی سچائی کے پیروکار مسیحیت کی پرکھ بیماری، گناہ اور موت پر اس کی قدرت کی بنیاد پر کرتے تھے، لیکن جدید مذاہب عام طور پر اِن میں سے صرف ایک یعنی گناہ پر قدرت کے سوا باقی سب کچھ نظر انداز کر دیتے ہیں۔ ہمیں مسیحیت کے اولین ثبوت کے طور پر اُس نا قابلِ تقسیم لباس یعنی کامل مسیح کی تلاش کرنی چاہیے، کیونکہ صرف مسیح ہی، جو حق ہے، ہمیں حتمی اور قطعی ثبوت فراہم کر سکتا ہے۔

## 3۔ 10-7:271

یسوع نے اپنے شاگردوں کو ہدایت دی جس کے مطابق بیمار کو مادے کی بجائے عقل کے وسیلہ شفا دینا ہو گی۔ وہ جانتا تھا کہ پوری غیر ہم آہنگی کو دور کرتے ہوئے مسیحت کا فلسفہ، سائنس اور ثبوت سچائی میں ہے۔

بائبل کا یہ سبق پلپین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 4۔ 328: 4۔30

اِس کا اصول لا متناہی ہے، جو مبینہ مدت سے یا محدود پیروی سے آگے ہے۔ جیسے جیسے وقت گزرتا ہے، خالص مسیحت کے شفائیہ عناصر کے ساتھ منصفانہ طور پر نمٹنا ہوگا؛اُنہیں حل کیا اور سکھایا جائے گا،اور وہ عالمگیر اچھائی کی تمام شان و شوکت میں چمکیں گے۔

## 5۔ 6: 23۔24،26۔27

اسے ختم کرنے سے قبل یسوع گناہ کو بے نقاب کرتا اور ملامت کرتا ہے۔۔۔ وہ انسان کو دکھانے اور تعلیم دینے آیا کہ کیسے گناہ، بیماری اور موت کو تباہ کرنا ہے۔

## 6۔ 473: 26۔31

اپنے کاموں کو اپنے الفاظ کی نسبت زیادہ ترجیح دیتے ہوئے یسوع نے جو کہا اُسے اظہار کی بدولت پورا کیا۔ جو اُس نے سکھایا اُسے ثابت کیا۔ یہی مسیحت کی سائنس ہے۔ یسوع نے اُس اصول کو، جو بیمار کو شفا دیتا اور غلطی کو باہر نکالتا ہے، الٰہی ثابت کیا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 7۔ 5-1:373

اگر تمام اخلاقی سوالات کے مطابق ہم مسیحی ہیں مگر اُس جسمانی استثنیٰ کے لئے تاریکی میں جو مسیحیت میں شامل ہوتی ہے، تو پھر ہمیں اِس موضوع پر خدا پر اور زیادہ بھروسہ رکھنا چاہئے اور اُس کے وعدوں کے لئے زیادہ جوشیلے ہونا چاہئے۔

## 8۔ 23-20:94

جن دس کوڑھیوں کو یسوع نے شفادی اُن میں سے صرف ایک خدا کا شکریہ کرنے کے لئے لوٹا، یعنی اُس الٰہی اصول کو تسلیم کرنے کو لوٹا جس نے اُسے شفا دی۔

## 9۔ 32-28:134

یہاں مادے کے مقابلے میں روحانی قدرت کی برتری پر یقین رکھنے کا الٰہی اختیار ہے۔

ایک معجزہ خدا کے قانون کو پورا کرتا ہے، لیکن اُس قانون کو توڑتا نہیں۔

---

## 10۔ 168:10۔23

جب آپ بیمار ہوتے ہیں (عقیدے کے مطابق)، تو آپ ادویات کے پیچھے بھاگتے ہیں اور صحت کے نام نہاد مادی اصولوں کی تلاش کرتے ہوئے اپنی شفایابی کے لئے اُن پر انحصار کرتے ہیں، حالانکہ در حقیقت آپ اِسی غلط عقیدے کی وجہ سے خود کو بیماری کی دلدل میں دھکیل چکے ہوتے ہیں۔

کیونکہ انسان کے بنائے ہوئے نظام اس بات پر زور دیتے ہیں کہ خدا کے قوانین کے ساتھ مکمل مطابقت رکھتے ہوئے انسان بیمار اور ناکارہ ہو جاتا، تکلیف اٹھاتا اور مر جاتا ہے، کیا ہمیں اس پر یقین کرنا چاہئے؟ کیا ہمیں ایسے اختیار پر یقین رکھنا چاہئے جو کاملیت سے متعلق خدا کے روحانی حکم سے انکاری ہے، ایسا اختیار جسے یسوع نے غلط ثابت کیا؟ اُس نے باپ کی مرضی کو پورا کیا۔ اُس نے اُس کے انحراف میں بیماری سے شفا بخشی جسے مادی شریعت کہا جاتا ہے، لیکن خدا کی شریعت، عقل کی شریعت کے مطابق۔

## 11۔ 357:4۔6

خدا ”کی آنکھیں ایسی پاک ہیں کہ بدی کو نہیں دیکھ سکتیں۔“ ہم جھوٹ کو قبول کرنے سے نہیں بلکہ رد کرنے سے سچائی میں قائم رہتے ہیں۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 12۔ 369:5۔22

اِس تناسب میں کہ انسانی فہم کے لئے جب مادا بطور انسان ساری ہستی کھو دیتا ہے تو اِسی تناسب میں وہ اِس کا مالک بن جاتا ہے۔ وہ حقائق کے مزید الٰہی فہم میں داخل ہو جاتا ہے، اور وہ یسوع کی الٰہیات سمجھتا ہے جب یہ بیمار کو شفا دینے، مردے کو زندہ کرنے اور پانی پر چلنے سے ظاہر ہوئی۔ اِن سب کاموں نے اِس عقیدے پر یسوع کے اختیار کو ظاہر کیا کہ مادا مواد ہے، کہ یہ زندگی کا ثالثی یا وجودیت کی کسی بھی شکل کو تعمیر کرنے والا ہو سکتا ہے۔

ہم یہ کبھی نہیں پڑھتے کہ لوقا یا پولوس نے بیماری سے شفا پانے کے چند ذرائع تلاش کرنے کی غرض سے بیماری کی کوئی حقیقت تخلیق کی ہو۔ یسوع نے یہ کبھی نہیں پوچھا کہ آیا کوئی بیماری شدید یا دائمی ہو، اور اُس نے کبھی صحت کے اصولوں کی جانب توجہ مبذول نہیں کروائی، کبھی دوا نہیں دی، کبھی یہ جاننے کے لئے دعا نہیں کی کہ آیا خدا کی یہ خواہش ہے کہ وہ شخص زندہ رہے۔ اُس نے انسان کو سمجھا، جس کی زندگی خدا ہے، کہ وہ لافانی ہے، اور وہ جانتا تھا کہ انسان کی دو زندگیاں نہیں ہوتیں کہ ایک کو تباہ کیا جائے اور دوسری کو ناقابل تسخیر بنا دیا جائے۔

## 13۔ 243:25(سچائی)۔6

سچائی میں غلطی کا کوئی شعور نہیں ہے۔ محبت میں نفرت کا کوئی فہم نہیں ہے۔ زندگی کی موت کے ساتھ کوئی شراکت نہیں ہے۔ سچائی، زندگی اور محبت ہر اُس چیز کے لئے ہلاکت کا ایک قانون ہے جو اِن کے برعکس ہے، کیونکہ یہ خدا کے سوا کچھ بھی ظاہر نہیں کرتیں۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

بیماری، گناہ اور موت زندگی کے پھل نہیں ہیں۔ یہ بے آہنگیاں ہیں جنہیں سچائی نیست کرتی ہے۔ کاملیت غیر کاملیت کو زندگی نہیں دیتی۔ چونکہ خدا نیک اور سب جانداروں کا سرچشمہ ہے، وہ اخلاقی یا جسمانی بدصورتی پیدا نہیں کرتا؛ اس لئے ایسا بگاڑ حقیقی نہیں بلکہ فریب نظری، غلطی کا سراب ہے۔ الٰہی سائنس اِن بڑے حقائق کو ظاہر کرتی ہے۔ اِنہی کی بنیاد پر کسی بھی شکل میں نہ غلطی سے خوف زدہ ہوتے ہوئے نہ ہی اِس کی تابعداری کرتے ہوئے یسوع نے زندگی کا اظہار کیا۔

## 14۔ 10:244(پولوس)۔12

پولوس لکھتا ہے: ”کیونکہ زندگی کے روح کی شریعت نے مسیح یسوع میں مجھے گناہ اور موت کی شریعت سے آزاد کر دیا۔“

## 15۔ 3:494۔30

ہمارے مالک نے بدروحوں (برائیوں) کو نکالا اور بیمار کو شفا دی۔ یہ اُس کے پیروکاروں کے بارے میں بھی کہا جانا چاہئے کہ انہوں نے خود میں سے اور دوسروں میں سے خوف اور بدی کو نکال دیا اور بیمار کو شفا دی۔ جب بھی انسان پر خدا کی حکمرانی ہوتی ہے، خدا بیمار کو انسان کے وسیلہ شفا دے گا۔ سچائی غلطی کو اب بھی اتنے یقین کے ساتھ باہر نکال پھینکتی ہے جیسے اِس نے اُنیس صدیاں پہلے کیا تھا۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

16۔ 25:228 (یہاں)۔27

یہاں خدا سے جدا کوئی طاقت نہیں ہے۔ قادر مطلق میں ساری طاقت ہے،اور کسی اور طاقت کو ماننا خدا کی بے حرمتی کرنا ہے۔

17۔ 21-17:174

کوہِ سینا کی گرج اور پہاڑی وعظ اپنے سفر کے دوران ہر طرح کی گمراہی کی ملامت کرتے ہوئے اور زمین پر آسمان کی بادشاہی کا اعلان کرتے ہوئے، زمانوں کا تعاقب کر رہے ہیں اور اُنہیں اپنی گرفت میں لے لیں گے۔ سچائی ظاہر ہو چکی ہے،اب صرف اس پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

18۔ 15:565 (”اُس کی)۔18

۔۔۔ ”اُس کی بادشاہی کا آخر نہ ہوگا،“ کیونکہ مسیح، خدا کا خیال، تمام قوموں اور امتوں پر الٰہی سائنس کے ساتھ آمرانہ طور پر، مکمل طور پر، فیصلہ کن انداز میں حکومت کرے گا۔

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

## روزمرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ''تیری بادشاہی آئے؛'' الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔*

## مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔*

## فرض کے لئے چوکسی

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہو گا، وہ بے قصور یا قصوار ہو گا۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔*

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔